FR-10

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 14 جون 2013ء 4 شعبان 1434 ہجری 14/احسان 1392 ہش جلد 63-98 نمبر 134

## زاد راہ

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آنحضرت ﷺ سے کہا میں سفر پر جا رہا ہوں۔ مجھے کچھ زادراہ عطا کیجئے۔ فرمایا۔

اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادسفر عطا فرمائے۔ اس نے کہا کچھ اور تو آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تیرے گناہ معاف کرے۔ اس نے کہا کچھ اور تو آپؐ نے فرمایا تو جہاں بھی ہو خدا تیرے لئے خیر کا حصول آسان کردے۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب اذا ودع انسانًا حدیث نمبر: 3366)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب دنیا میں فسق و فجور پھیل جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے لوگ دور جا پڑتے ہیں اور اس سے لاپرواہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی ان کی پرواہ نہیں کرتا ہے۔ ایسی صورت میں پھر اس قسم کی وبائیں بطور عذاب نازل ہوتی ہیں ان بلاؤں اور وباؤں کے بھیجنے سے اللہ تعالیٰ کی غرض یہ ہوتی ہے کہ دنیا پر اللہ تعالیٰ کی توحید اور عظمت ظاہر ہو اور فسق و فجور سے لوگ نفرت کر کے نیکی اور راستبازی کی طرف توجہ کریں اور خدا تعالیٰ کے مامور کی طرف جو اس وقت دنیا میں موجود ہوتا ہے توجہ کریں۔ اس زمانہ میں بھی فسق و فجور کے سیلاب کا بند ٹوٹ گیا ہے۔ راستبازی، تقویٰ عفت اور خداترسی اور خداشناسی بالکل اُٹھ گئی تھی۔ دین کی باتوں پر ہنسی کی جاتی تھی۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے موافق جو اُس نے اپنے نبیوں اور رسولوں کی زبان پر کیا تھا کہ مسیح موعود کے وقت دنیا میں مری بھیجوں گا اس طاعون کو اصلاح خلق کے لئے مسلّط کیا ہے۔ طاعون کو برا کہنا بھی گناہ ہے یہ تو خدا تعالیٰ کا ایک مامور ہے جیسا کہ مَیں نے ہاتھی والی رویا میں دیکھا تھا، لیکن مَیں دیکھتا ہوں کہ باوجود اس کے کہ بعض دیہات بالکل برباد ہو گئے ہیں اور ہر جگہ یہ آفت برپا ہے تو بھی ان شوخیوں، شرارتوں اور بیباکیوں میں فرق نہیں آیا جو اس سے پہلے بھی تھیں۔ مکروفریب، ریاکاری بدستور پھیلی ہوئی ہے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 634)

دیکھو یہ زمانہ بے وقت موتوں کا زمانہ آ گیا ہے۔ بھلا پہلے کبھی تم نے اپنے باپ دادا سے بھی سنا ہے کہ اس طرح اچانک موت کا سلسلہ کبھی جاری ہوا ہو۔ رات کو اچھا بھلا کام کاج کرتا اور چلتا پھرتا آدمی سوتا ہے اور صبح کو ایسی نیند میں سویا ہوا ہوتا ہے کہ جس سے جاگنا ہی نہیں۔ اب جس گھر میں یہ موت آئی گھر کا گھر اور گاؤں کے گاؤں اُس نے خالی کر دیئے ابھی انجام کی خبر نہیں۔ کیا کیا دن آنے ہیں۔ ایک نادان اپنی نادانی کی وجہ سے جب طاعون چند دن کے لئے رک جاتی ہے اور خدا تعالیٰ کسی مصلحت سے اُسے بند کرتا ہے وہ کہتا ہے بس اب گئی اب نہیں آئے گی۔ او میاں! ایسا ہمیشہ ہی ہوا کرتا ہے کہ بیماریاں آتی ہیں چار دن رہ کر چلی جاتی ہیں مگر خدا کی باریک تدابیر سے وہ ناواقف ہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ وہ مہلت دیتا ہے کہ بھلا ابھی ان میں کچھ صلاحیت اور تقویٰ اور خوف بھی پیدا ہوا ہے یا نہیں۔

اس طاعون کا پچھلا تجربہ بتاتا ہے کہ ایک ایک دَورہ ستر ستر سال کا ہوا کرتا ہے۔ اس سے تو جنگل کے جانوروں نے بھی پناہ مانگی ہے۔ جب انسانوں کو ختم کر چکتی ہے تو جنگل کے حیوانوں اور درندوں کو بھی ختم کر دیتی ہے ایسے وقتوں میں خدا تعالیٰ بچا لیتا ہے ان لوگوں کو جو ان مصائب اور عذابوں کے نازل ہونے سے پہلے اپنے آپ کی اصلاح کرتے اور دوسروں سے عبرت پکڑتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کی حفاظت خود کرتا ہے عذابوں اور شدائد کے وقتوں میں جو آرام اور عیش کے وقت میں اس سے ڈرتے اور پناہ مانگتے ہیں۔ مگر جب عذاب کسی پر نازل ہو جاوے تب توبہ بھی قبول نہیں ہوتی۔''

''پس اب موقعہ ہے کہ تم خدا تعالیٰ کے سامنے اپنے آپ کو درست کر لو اور اس کے فرائض کی بجاآوری میں کمی نہ کرو۔ خلق اللہ سے کبھی بھی خیانت، ظلم، بدخلقی، ترش روئی ایذاء دہی سے پیش نہ آؤ۔ کسی کی حق تلفی نہ کرو کیونکہ ان چیزوں کے بدلے بھی خدا تعالیٰ مواخذہ کرے گا۔ جس طرح خدا تعالیٰ کے احکام کی نافرمانی، اس کی عظمت، توحید اور جلال کے خلاف کرنے اور اس سے شرک کرنا گناہ ہیں اسی طرح اس کی خلق سے ظلم کرنا۔ اُن کی حق تلفیاں نہ کرو، زبان یا ہاتھ سے دکھ یا کسی قسم کی گالی گلوچ دینا بھی گناہ ہیں۔ پس تم دونوں طرح کے گناہوں سے پاک بنو اور نیکی کو بدی سے خلط ملط نہ کرو۔''

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 177)

## آسمانی سفر میں غالب

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایم ٹی اے احمدیہ کی 24 گھنٹے کی نشریات کے آغاز کے موقع پر فرمایا:

''یہ عالمی گواہ ہے جو احمدیت کو اللہ کی طرف سے عطا ہوا ہے ...... اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی تھی کہ مسیح (موعود) کے لئے آسمان کی فضائیں مسخر کی جائیں گی اور حضرت مسیح موعود کے غلاموں کو آسمانی سفروں میں سب دنیا پر غالب کیا جائے گا۔''

(الفضل انٹرنیشنل 12/اپریل 1996ء)

(بسلسلہ فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

## اساتذہ کرام متوجہ ہوں

نظارت تعلیم چاہتی ہے کہ جملہ احمدی اساتذہ کرام موسم گرما کی رخصتوں میں ان طلباء طالبات کی مدد کریں جو کسی بھی مضمون میں کمزور ہیں امید ہے ہمارے اساتذہ کرام اپنی کاوش سے نظارت تعلیم کو مطلع فرماویں گے۔

(نظارت تعلیم)

## نیلامی سامان

نظامت جائیداد کے سٹور میں مندرجہ ذیل سامان موجود ہے بذریعہ نیلامی مورخہ 24 جون 2013ء کو صبح 8 بجے بمقام ویئر ہاؤس دارالنصر شرقی ربوہ میں ہوگی۔ خواہشمند حضرات استفادہ فرمائیں۔

### سامان

بیٹریاں، صوفے، ایگزاسٹ فین، سیلنگ فین، کرسیاں، ٹیبل پرانے، موٹرز، ڈینٹل چیئر، میمو گرافی مشین، سکریپ لوہا، لکڑی کے دروازے، کھڑکیاں، پرانے سکریپ، متفرق سامان، نیلامی کی رقم موقع پر نقدی کی صورت میں وصول کی جائے گی۔

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

## جلسہ سالانہ ویسٹرن کینیڈا سے حضور انور کے اختتامی خطاب کے سوالات

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2013ء)

س: یہ جلسہ سالانہ کب اور کہاں ہوا؟

س: حضور انور نے خطاب کے آغاز میں کونسی آیات تلاوت فرمائیں؟

س: ان آیات کا ترجمہ لکھیں؟

س: کونسی سوچ حقیقی احمدی بنانیوالی ہے؟

س: تلاوت کردہ آیات میں عباد الرحمٰن کی پہلی خصوصیت کونسی بیان ہوئی ہے؟

س: اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو کس لیے بھیجا؟

س: حقیقی توبہ اور استغفار سے کیا مراد ہے؟

س: حضور انور نے لفظ "زُور" کی کیا تفصیل بیان فرمائی؟

س: عباد الرحمٰن کو جب نصیحت کی جائے تو ان کا رویہ کیا ہوتا ہے؟

س: پیدائشی احمدیوں کو حضور انور نے کیا نصیحت فرمائی؟

س: آپ نے ہم پر اللہ تعالیٰ کے کس احسان کا ذکر فرمایا؟

س: ہماری خوش قسمتی کی حقیقت کب ظاہر ہوئی؟

س: حضرت مسیح موعود کی نصائح کے حوالہ سے کیا ہدایت فرمائی ہے؟

س: حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی کونسی نصائح بیان فرمائی ہیں؟

س: عمل صالح کسے کہتے ہیں؟

س: ایمان لانا کب فائدہ نہیں دیتا؟

س: حضور انور نے آجکل کونسی دعا پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے؟

س: جسم کے مختلف اعضاء کے گناہ کونسے ہیں؟

س: حضرت مسیح موعود کی الہامی دعا درج کریں؟

س: بیعت کا مغز کیا ہے؟

س: اصل میں نماز کس لئے ہے تفصیل بیان کریں؟

س: جماعت بننے کے لئے کیا ضروری ہے؟

س: اتفاق و اتحاد کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود کی کیا تعلیم ہے؟

س: حضرت مسیح موعود کونسے دو مسئلے لے کر آئے تھے؟

س: باہمی عداوت کا سبب کیا ہے؟

س: حضرت مسیح موعود نے کس کو خشک ٹہنی سے تشبیہہ دی ہے؟

س: اس سلسلہ کو کون بدنام کرتا ہے؟

س: انسانی فطرت میں کیا ہے؟

س: دوسروں کو نصیحت کرنے والے اور خود عمل نہ کرنے والے کون ہوتے ہیں؟

س: شام سے مکہ آتے ہوئے کون ایمان لایا تھا؟ اور ایمان کی وجہ کیا تھی؟

س: کونسی فطرت حاصل کرنی چاہئے؟

س: حضرت مسیح موعود کو کس بات پر مامور کیا گیا ہے؟

س: اس وقت کسے خدا بنایا گیا ہے؟

س: جو دنیا کو خدا سمجھتے ہیں وہ کیا نہیں ہوسکتے؟

س: جو اصلاح نہیں کرتا اس کے متعلق کیا فرمایا گیا ہے؟

س: حضرت مسیح موعود نے جماعت کو اپنے اندر تبدیلی پیدا کرنے کے حوالے سے کیا نصیحت فرمائی ہے؟

س: حضرت مسیح موعود نے عورتوں کے حوالہ سے مردوں کو کیا نصیحت فرمائی ہے؟

س: حضرت مسیح موعود نے دعائیں کرنے کے حوالہ سے اپنا طرز عمل کیا بیان فرمایا ہے؟

س: پرہیز گاری کے لئے جماعت کو کیا کرنا ضروری ہے؟

س: پردہ کے حوالہ سے حضور انور نے کیا تفصیل بیان فرمائی ہے؟

س: قول و فعل میں مطابقت کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود کی تعلیم کیا ہے؟

س: اعلیٰ مقاصد کیسے حاصل کئے جاسکتے ہیں؟

س: حضرت مسیح موعود نے منذر الہام الٰہی کی روشنی میں کونسے تین کام کرنے کا ارشاد فرمایا ہے؟

س: خدا تعالیٰ کی برکت سے حصہ لینے کے لیے کیا ضروری ہے؟

س: حضور انور کے اختتامی دعائیہ کلمات درج کریں؟

## پردہ کی اہمیت کے بارہ میں حضور انور کا ارشاد برموقع جلسہ سالانہ ویسٹرن کینیڈا

اولاد کا طیب ہونا طیبات کا سلسلہ چاہتا ہے اگر یہ چاہتے ہو کہ اولاد پاک ہو تو پھر مسلسل اپنی حالتوں کا بھی جائزہ لو کہ وہ پاک ہیں کہ نہیں اگر یہ نہ ہو تو پھر اولاد خراب ہوتی ہے۔ اس لیے چاہئے کہ سب توجہ کریں اور عورتوں کو اپنا نمونہ دکھلائیں کیونکہ عورت نے ہی اولاد کی تربیت کرنی ہے۔ اللہ کے فضل سے جماعت احمدیہ میں تو بعض دفعہ میں دیکھا ہے کہ عورتیں مردوں سے زیادہ نیکی پر قائم رہنے والی اور نمونہ دکھانے والی ہیں اور شکر کرنے والی ہیں لیکن مردوں کو بہرحال ذمہ واری انہی کی ہے بعض دفعہ یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ عورتیں مردوں کے زیر اثر آجاتی ہیں مثلاً اکثر مجھے شکایات آتی رہتی ہیں کہ پردے کے بارے میں ان ملکوں میں آکر مرد ہیں کہ جن کو شرم آتی ہے کہ عورت حجاب نہ لے یا اپنے آپ کو نہ ڈھانکے، بازار میں ان کے ساتھ نہ پھرے بلکہ بعضوں نے تو بعض نئی آنے والی پاکستان سے یا اپنی ماؤں بہنوں کو یہ بھی کہا ہوا ہے کہ یہاں پردہ کرنا بڑا جرم ہے اور اگر تم نے پردہ کیا یا چادر اوڑھی یا سکارف لیا یا حجاب پہنا تو تمہیں پولیس پکڑ کر لے جائے گی اور اسی لئے بعض عورتوں نے مجھے خود بتایا کہ انہوں نے اپنے نقاب اتار دیے یہ کہاں تک سچ ہے یہ اللہ بہتر جانتا ہے۔ لیکن بہرحال ایسے لوگ یہاں ہیں جن کا مجھے علم بھی ہے۔ ایک دو کیسز ایسے ہیں۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں یورپ کی طرح بے پردگی پر بھی لوگ زور دے رہے ہیں لیکن یہ ہرگز مناسب نہیں۔ یہی عورتوں کی آزادی فسق و فجور کی جڑ ہے۔ فرمایا (دین) نے تو یہ حکم دیا ہے کہ مرد عورت سے اور عورت مرد سے پردہ کرے اس سے غرض یہی ہے کہ نفس سے انسان پھسلنے سے اور ٹھوکر کھانے سے بچا رہے۔ ایک جگہ آپ فرماتے ہیں آجکل پردے پر حملے کیے جاتے ہیں اور آجکل اس زمانے میں تو یورپ میں تو بہت زیادہ ہے بلکہ ان حملوں کا ہی اثر ہے کہ غیر از جماعت جو مسلمان ہیں دوسرے مسلمان چاہے انہوں نے بلاؤز اور ٹائٹ جینز پہنی ہوا اس ردعمل کے طور پر حجاب اور سکارف لینا شروع کردیا ہے۔ گو کہ وہ پردہ نہیں ہے اور اس کی بھی حکومتیں بعض جگہ بعض اس کے خلاف ہیں لیکن انہوں نے ردعمل دکھایا تو احمدی عورتیں یہ کیوں نہیں ردعمل دکھاسکتیں۔ احمدی مرد کو کیا اس میں جھجک اور شرماہٹ ہے۔ کہ اس کی عورت پردہ کرے۔ فرماتے ہیں کہ آجکل پردے پر حملے کیے جاتے ہیں لیکن یہ لوگ نہیں جانتے کہ (دینی) پردے سے مراد زندان نہیں یعنی قید خانہ نہیں ہے بلکہ ایک قسم کی روک ہے کہ غیر مرد اور عورت ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں۔ جب پردہ ہوگا تو ٹھوکر سے بچیں گے ایک منصف مزاج کہہ سکتا ہے کہ ایسے لوگوں میں جہاں غیر مرد اور عورت اکٹھے بلاتأمل اور بے محابہ مل سکیں، سیریں کریں کیونکر جذبات نفس سے اس طرح ٹھوکر نہ کھائیں گے۔ بسا اوقات دیکھنے اور سننے میں آیا ہے کہ ایسی قومیں غیر مرد اور عورت کے ایک مکان میں تنہا رہنے کو حالانکہ دروازہ بھی بند ہو کوئی عیب نہیں سمجھتیں۔ یہ گویا تہذیب ہے۔ انہی بدنتائج کو روکنے کے لئے شارع اسلام نے وہ باتیں کرنے کی اجازت ہی نہیں دی یہ تہذیب ہوگی۔ لیکن (دین) نے اور آنحضرت ﷺ نے اس کی اجازت نہیں دی جو کسی کی ٹھوکر کا باعث ہوں ایسے مواقع پر کہہ دیا کہ جہاں اس طرح غیر محرم مرد و عورت ہر دو جمع ہوں تیسرا ان میں شیطان ہوتا ہے۔ ان ناپاک نتائج پر غور کرو جو یورپ اس خلیع الرسن تعلیم سے بھگت رہا ہے بعض جگہ بالکل قابل شرم طوائفانہ زندگی بسر کی جارہی ہے یہ انہی تعلیمات کا نتیجہ ہے اگر کسی چیز کو خیانت سے بچانا چاہتے ہو تو حفاظت کرو لیکن اگر حفاظت نہ کرو اور یہ سمجھ رکھو کہ بھلے مانس لوگ ہیں تو یاد رکھو ضرور وہ چیز تباہ ہوگی۔ (دینی) تعلیم کیسی پاکیزہ تعلیم ہے کہ جس نے مرد اور عورت کو الگ رکھ کر ٹھوکر سے بچایا اور انسان کی زندگی حرام اور تلخ نہیں کی جس کے باعث یورپ نے آئے دن کی خانہ جنگیاں اور خودکشیاں دیکھیں۔ بعض شریف عورتوں کا طوائفانہ زندگی بسر کرنا ایک عملی نتیجہ اس اجازت کا ہے جو غیر عورت کو دیکھنے کے لئے دی گئی ہے۔ پردے کے بارے میں یہاں جیسا کہ میں نے کہا بعض مرد بھی اترواد یتے ہیں نوجوانوں کے بارے میں بھی یہ شکایتیں آتی ہیں بعض عورتیں ایسی ہیں جو دوسری عورتوں کو کہتی ہیں کہ یہاں پردہ نہیں کرنا اور یہاں جب مجھے ملنے آتی ہیں تو اس وقت مجھے پتہ لگ جاتا ہے کہ برقعہ جو ہے یہ آج کئی سالوں کے بعد نکلا ہے یہ نقاب جو ہے یہ پہننے کی عادت نہیں ہے یہ آج پہنا جارہا ہے حالانکہ یہ منافقت ہے۔ جو پردہ ہے حجاب کا، چادر کا، سکارف کا اگر وہ لیا جاتا ہے تو کم از کم جو پردہ حضرت مسیح موعود نے بتایا ہے وہ لیں۔ سر کو ڈھانکیں، بالوں کو ڈھانکیں، اپنے جسم کو ڈھانکیں جو قرآن کریم نے کہا ہے کہ اوڑھنیوں کو اس طرح پھیرو کہ جسم کا پردہ ہو۔ پس اس طرف عورتوں کو بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے اور مردوں کو بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ بجائے اس کے کہ مرد شرمائیں خاص طور پر میں نوجوانوں کو کہہ رہا ہوں اور بعض ایسی عورتیں جن کے پردے برقعے پرانے ہوچکے ہیں بلکہ ان کو پہننا بے پردگی زیادہ ہوتی ہے اس سے اس لئے اپنے لباس ایسے بنائیں جو باپردہ ہوں سر کو ڈھانکیں، بالوں کو ڈھانکیں، چہرے کو ڈھانکیں حتیٰ کہ میک اپ کیا ہوا ہے تو چہرہ ڈھانکنا چاہئے اگر نہیں کیا ہوا ہو تو کم از کم پردہ جو حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے ماتھا ڈھکا ہو، ٹھوڑی ڈھکی ہو بہرحال اس پر بہت توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہی چیزیں ہیں چھوٹی چھوٹی جو پھر آگے آزادیوں میں بڑھاتی ہیں اور بہت سارے معاملات میرے علم میں ہیں اسی وجہ سے پھر گھروں کے رشتے بھی خراب ہوئے ہیں۔ پردہ اگر کرنا ہے تو مجھے دکھانے کے لئے نہیں کرنا۔ پردہ کرنا ہے تو خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرنے کے لئے کرنا ہے جب نصیحت کی جائے تو اس پر عمل کرو اندھوں اور بہروں کی طرح نہ اس سے گزر جاؤ۔ عہد بیعت میں ہم کہتے ہیں کہ جو بھی معروف فیصلہ فرمائیں گے اس کی پابندی کروں گا۔ معروف فیصلہ ہر وہ فیصلہ معروف ہے جو قرآن اور شریعت کا حکم ہے۔

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# روحانی خزائن جلد 19 کے اہم سوالات (عربی کتب کے بغیر)

## کشتی نوح، تحفۃ الندوہ، اعجاز احمدی، ریویو بر مباحثہ چکڑالوی وبٹالوی، نسیم دعوت، سناتن دھرم

1۔کشتی نوح کا سن تالیف درج کریں؟
ٹائیٹل پیج

2۔کشتی نوح کا دوسرا اور تیسرا نام تحریر کریں؟
ٹائیٹل پیج

3۔کشتی نوح کی وجہ تالیف بیان کریں؟
تعارف کتب صفحہ 3

4۔حضرت اقدس مسیح موعود نے کن لوگوں کو طاعون سے محفوظ رہنے کی خوشخبری دی ہے؟صفحہ 2

5۔حضرت مسیح موعود نے طاعون کے ٹیکہ کے بارہ میں کیا فرمایا ہے؟صفحہ 4

6۔حضرت اقدس مسیح موعود نے ترک ٹیکہ کی کیا وجہ بیان فرمائی؟صفحہ 2,1

7۔طاعون کے بارہ میں کس کس الہامی کتاب میں پیشگوئیاں پائی جاتی ہیں؟صفحہ 5

8۔حضرت اقدس مسیح موعود نے کشتی نوح میں چمکتے ہوئے نشانوں کی تعداد کتنی بتائی ہے؟صفحہ 14

9۔اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود سے مخاطب ہوکر طاعون سے محفوظ رہنے کے بارہ میں کیا فرمایا؟صفحہ 2

10۔نئی زمین اور نئے آسمان سے کیا مراد ہے؟صفحہ 7

11۔حضرت مسیح موعود کی ایک پیش گوئی کے مطابق کون کافر قتل ہوا؟صفحہ 109

12۔گناہ کا کفارہ کس عمل پر مرتب ہوتا ہے؟صفحہ 26

13۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''مسیح موعود میری قبر میں دفن ہوگا'' اس میں کیا بھید ہے؟صفحہ 16

14۔مُدّ کے مقام پر کس کس کے درمیان مباحثہ ہوا؟صفحہ 107

15۔تثلیث کا مسئلہ کس نے گھڑا؟صفحہ 65

16۔وہ کون ہے جو جنت کا دروازہ اپنے ہاتھ سے اپنے پر بند کرتا ہے؟صفحہ 26

17۔قیامت کے دن انسان کے ایمان کا مصدق یا مکذب کون ہوگا؟صفحہ 27

18۔کیپٹن ڈگلس نے حضرت مسیح موعود سے کیا سلوک کیا؟صفحہ 56

19۔کیپٹن ڈگلس کی عدالت میں مولوی محمد حسین نے کیا کردار ادا کیا؟صفحہ 56

20۔حضرت مسیح ناصریؑ نے یہود سے کس نشان کے دکھانے کا وعدہ کیا تھا؟صفحہ 57

21۔حضرت مسیح موعود نے نماز کی کیا تعریف کی ہے؟صفحہ 68

22۔یہود میں کس فرقہ کے لوگ مسیحؑ کے سخت منکر تھے؟صفحہ 65

23۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر کس جگہ ہے؟صفحہ 16

24۔فقرہ مکمل کریں: کوئی بھی تمہاری ایسی دینی ضرورت نہیں جو ............ میں نہیں پائی جاتی۔صفحہ 72

25۔فقرہ مکمل کریں: ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے ہماری اعلیٰ...... ہمارے خدا میں ہیں۔صفحہ 21

26۔قرآن اور سنت کے لئے حدیث کا کیا درجہ ہے؟صفحہ 62

27۔صحیح بخاری کے متعلق حضرت اقدس مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 65

28۔حضرت اقدس مسیح موعود نے اشتہار درخواست چندہ برائے توسیع مکان کیوں شائع فرمایا؟صفحہ 86

29۔سورۃ فاتحہ اور انجیل کی دعا کا موازنہ کریں؟صفحہ 32

30۔حضرت مسیح موعود نے پنجگانہ نمازوں کے بارہ میں کیا نصائح فرمائیں؟صفحہ 19

31۔فقرہ مکمل کریں: خدا ایک پیارا............ ............قدر کرو۔صفحہ 22

32۔حضرت مسیح موعود نے یقین کے بارہ میں کیا فرمایا ہے؟صفحہ 66

33۔جس دین میں وحی الٰہی کا سلسلہ جاری نہیں وہ دین کیا ہے؟صفحہ 24

34۔یہود کا نام مغضوب علیھم کیوں رکھا گیا؟صفحہ 72

35۔آیت فلما توفیتنی سے کیا ثابت ہوتا ہے؟صفحہ 126

36۔ضالین اور مغضوب علیھم میں کیا فرق ہے؟صفحہ 72

37۔حضرت مسیح موعود نے جعفر زٹلی کے بارے میں کیا فرمایا؟صفحہ 119

38۔فقہی مسائل کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے جماعت کو کیا حکم دیا ہے؟صفحہ 212

39۔حضرت مسیح موعود نے مباحثہ مابین بٹالوی اور چکڑالوی کے بارہ میں کیا فیصلہ دیا ہے؟صفحہ 213

40۔حضرت اقدس مسیح موعود نے حضرت حسان بن ثابت کا شعر لکھنے کے بعد ایک مصرعہ تحریر فرمایا وہ مصرعہ کیا تھا؟صفحہ 127

41۔انجیل میں طلاق کے مسئلہ کی بابت کیا شرط تھی؟صفحہ 81

42۔کریئر ڈلاسیرا کس ملک کا مشہور اخبار ہے؟صفحہ 77

43۔حضرت مسیح موعود نے نیوگ کا رد کس طرح کیا ہے؟صفحہ 472

44۔مذہب تبدیل کرنے والے کیلئے کون سے تین ضروری امور قابل غور ہیں؟
صفحہ 373، 374

45۔بائبل کی رو سے کس نبی کے معجزات شان وشوکت اور کثرت میں مسیح ابن مریم کے معجزات سے بڑھ کر ہیں؟صفحہ 379

46۔انجیلوں میں حضرت مسیح ابن مریم کے کس بڑے معجزہ کا بار بار ذکر ہے؟صفحہ 379

47۔مرض صَرع یعنی مرگی کس وجہ سے پیدا ہوتی ہے؟صفحہ 379

48۔قرآن شریف میں حضرت مسیح ابن مریم کے معجزات کا ذکر کس غرض سے کیا گیا ہے؟
صفحہ 379

49۔قرآن شریف نے حضرت مسیح ابن مریم کی ماں کا نام صدیقہ کیوں رکھا؟صفحہ 379

50۔حدیث میں لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ اور اس کی ماں مس شیطان سے پاک تھے اس قول کا کیا مطلب ہے؟صفحہ 379

51۔خدا تعالیٰ نے حضرت مسیحؑ کی ولادت کے ذکر کے ساتھ حضرت یحییٰؑ کی ولادت کا ذکر کیوں کیا؟صفحہ 380

52۔حضرت مریمؑ کو شادی نہ کرنے اور بیت المقدس کی خدمت میں مشغول رہنے کی وجہ سے کیا لقب دیا گیا؟صفحہ 381

53۔ثابت کریں کہ موجودہ مذہب عیسائیوں کا ہرگز خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے؟
صفحہ 382

54۔کیا آریہ مذہب والے سچے کامل اور واحد لاشریک خدا کو مانتے ہیں یا اس سے برگشتہ ہیں؟صفحہ 383,382

55۔طاعون کے وقت میں حضرت مسیح موعود نے خدائے قادر سے کیا دعا کی؟صفحہ 390

56۔سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود نے حقیقی آفتاب کس کو قرار دیا ہے؟صفحہ 409

57۔قرآن شریف میں ایک ملکہ کا قصہ لکھا ہے جو آفتاب پرست تھی اور اپنے ملک کی بادشاہ تھی اس کا نام لکھیں؟صفحہ 410

58۔عقل جس پانی سے تازگی اور روشنی پاتی ہے اس کا کیا نام ہے؟صفحہ 413

59۔وید کی رو سے پانی کے دیوتا کا نام بتائیں؟صفحہ 413

60۔رب العالمین جو خدا کی پہلی ربوبیت ہے اس میں ہندوؤں کے کس دیوتا کا رد ملحوظ ہے؟
صفحہ 413

61۔صفت رحمٰن میں بت پرستوں کے کس دیوتا کا رد ملحوظ ہے؟صفحہ 414

62۔وید میں بطور استعارہ چار نام کون سے ہیں۔ جو بڑے بڑے دیوتاؤں کو عطا ہوئے ہیں؟
صفحہ 415

63۔حضرت اقدس مسیح موعود نے انسان کی کیا تعریف بیان فرمائی ہے؟صفحہ 387

64۔خدا تعالیٰ کے علم کے بارے میں آریہ سماجیوں کا کیا عقیدہ ہے؟صفحہ 391

65۔حضرت مسیح موعود نے ''خاوندوں سے تقاضے'' کے بارہ میں عورتوں کو کیا نصیحت فرمائی؟
صفحہ 81

66۔آریہ صاحبان کا تناسخ یا مکتی کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟صفحہ 396

67۔کیا مسلمان بھی انسانی ارواح کو ابدی قرار دیتے ہیں؟382

68۔ہندوستان میں بت پرستی کے دور میں کس بزرگ کے آنے کا ذکر ہے؟صفحہ 406

69۔فقرہ مکمل کریں: دنیا ایک شیش محل ہے جس کے شیشوں کے نیچے زور سے پانی چل رہا ہے ............ حالانکہ پانی ان کے نیچے ہے۔
صفحہ 425

70۔حضرت مسیح موعود نے اپنی پیشگوئیوں کے پورا ہونے کے متعلق کیا بیان فرمایا ہے؟
صفحہ 111

71۔آریہ مذہب میں اعتراض کے لائق دو باتیں کون سی ہیں؟صفحہ 472

72۔ام الالسنہ یعنی زبانوں کی ماں سے کون سی زبان مراد ہے؟صفحہ 430

73۔حضرت مسیح موعود نے سلسلہ کے مصارف کیلئے ماہ بماہ چندہ بھجوانے کی کیا تحریک فرمائی؟صفحہ 83

74۔کیا سناتن دھرم والے آریہ نیوگ کے قائل ہیں؟صفحہ 469 تا 470

75۔حضرت اقدس مسیح موعود نے ذیابیطس کے علاج کے لئے افیون استعمال کرنے کے مشورہ پر کیا جواب دیا؟صفحہ 435

76۔وید کی رو سے چار بڑے دیوتا کون سے ہیں؟صفحہ 414، 415

77۔صفت رحمانیت کا مظہر کونسا دیوتا ہے؟
صفحہ 415

78۔رحیمیت کا مظہر کون سا دیوتا ہے؟
صفحہ 414

79۔حضرت اقدس مسیح موعود نے رحیم کی کیا تعریف بیان فرمائی ہے؟صفحہ 414

80۔چاند کی روشنی میں باغبان کس پھل کے پھٹنے کی آواز سنا کرتے ہیں؟صفحہ 414

81۔خدا کی صفت مالک یوم الدین کا مظہر کون سا دیوتا ہے؟صفحہ 416، 417

82۔سب مجازی دیوتاؤں سے بڑا دیوتا کون سا ہے جو ربوبیت عامہ کا دیوتا ہے؟صفحہ 415
83۔سورج کے چار تغیرات کے مقابل پر خداتعالیٰ کے چار تغیرات بیان کریں؟ صفحہ 422,421
84۔سرخی کے چھینٹوں والے کشف میں کون بزرگ تھے جن کے کرتہ پر خون کے تازہ نشان تھے؟صفحہ 427
85۔سرخی کے چھینٹوں والے نشان میں کس بیماری کے وقوع کی طرف اشارہ تھا؟صفحہ 427
86۔حضرت مسیح موعود نے ستیارتھ پرکاش کے حوالے سے مسئلہ نیوگ کی کیا حقیقت بیان فرمائی ہے؟صفحہ 439,437
87۔راجہ رام چندر کی بیوی کا کیا نام تھا؟ صفحہ 440
88۔آریوں کے نزدیک متعہ اور طلاق بھی نیوگ کی طرح ہے۔حضرت مسیح موعود نے اس کا کیا جواب دیا؟صفحہ 443,442
89۔حضرت مسیح موعود نے اس اعتراض کا کیا جواب دیا کہ حضرت رسول ﷺ کی بیوی زینب کا نکاح آسمان پر ہوا تھا؟صفحہ 443
90۔حضرت مسیح موعود نے طلاق کے جواز میں کیا دلائل بیان فرمائے؟صفحہ 446
91۔حضرت مسیح موعود نے آریہ سماجیوں کی نسبت سناتن دھرم والوں کے عقائد کی کیا تعریف فرمائی؟صفحہ 454
92۔حضرت مسیح موعود نے فرمایا "خدا پر یقین حاصل کرنے کی ایک ہی راہ ہے" اس راہ کی نشاندہی کریں؟صفحہ 447
93۔جب کسی چیز کے مہلک ہونے پر کسی کو یقین آجائے تو پھر وہ اس کے قریب نہیں جاتا۔ اس حقیقت کو تین مثالوں سے واضح کریں؟ صفحہ 447
94۔حضرت مسیح موعود نے اپنے نشانوں کے بڑے حصہ کے گواہ کن دو مشہور آریہ کو قرار دیا؟ صفحہ 449
95۔حضرت مسیح موعود نے کتاب نسیم دعوت میں کتنے نشانات کا ذکر فرمایا ہے جو ظاہر ہو چکے ہیں؟صفحہ 449
96۔حضرت مسیح موعود نے طاعون کے ذریعے جماعت احمدیہ میں داخل ہونے والوں کی کتنی تعداد بتائی ہے؟صفحہ 449
97۔پنڈت لیکھرام نے حضرت مسیح موعود سے متعلق کیا پیشگوئی کی تھی؟صفحہ 451
98۔خدا سے خبر پا کر کیا پیشگوئی فرمائی؟ صفحہ 451
99۔آریوں کے اعتراض "خدا عرش پر بیٹھا ہوا ہے اور چار فرشتوں نے اس تخت کو اٹھایا ہوا ہے" کا حضرت مسیح موعود نے کیا جواب دیا؟صفحہ 453
100۔قرآن شریف میں عرش کے لفظ سے کیا مراد ہے؟صفحہ 455
101۔خدا کی عظمت اور جبروت کے مظہر کتنے ہیں؟صفحہ 455
102۔قرآن شریف میں کتنی قسم کے فرشتے لکھے ہیں؟صفحہ 456
103۔فرشتہ کا لفظ قرآن میں کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟صفحہ 457
104۔"خدا کے عرش کو چار فرشتے اٹھائے ہوئے ہیں" وضاحت کریں؟صفحہ 457
105۔استوی علی العرش یا عرش پر بیٹھنے سے کیا مراد ہے؟صفحہ 457,456
106۔یونانی دیوتا کا کیا نام رکھتے تھے؟ صفحہ 458
107۔عرب کے بت پرستوں نے اپنے چار بتوں کے کیا نام رکھے ہوئے تھے؟صفحہ 459
108۔سناتن دھرم والے بھی ملائکہ کے قائل ہیں وہ ان کا کیا نام رکھتے ہیں؟صفحہ 460
109۔آریوں کے اعتراض کہ خدا بے خبر ہوتا ہے اور فرشتے جا کر خدا کو نیکی بدی کی خبر دیتے ہیں، حضرت مسیح موعود نے اس کا کیا جواب دیا ہے؟صفحہ 460
110۔آریوں کا اعتراض کہ خدا کچھ مدت تک بیکار رہا ہے کیونکہ دنیا ہمیشہ سے نہیں۔حضرت مسیح موعود نے اس کا کیا جواب دیا؟صفحہ 461
111۔آریوں کا اعتراض کہ خدا متغیر ہے۔کبھی کوئی حکم دیتا ہے کبھی کوئی۔حضرت مسیح موعود نے اس اعتراض کا کیا جواب دیا ہے؟ صفحہ 461
112۔شفاعت پر بھروسہ شرک ہے حضرت مسیح موعود نے اس اعتراض کا کیا جواب دیا ہے؟ صفحہ 463
113۔حضرت مسیح موعود نے شفاعت کی کیا حقیقت بیان فرمائی ہے؟صفحہ 464
114۔دین کے دو ہی کامل حصہ ہیں وضاحت کریں؟صفحہ 464
115۔خدا کی آواز دنیا میں سنائی نہیں دیتی۔حضرت مسیح موعود نے اس کا کیا جواب دیا ہے؟صفحہ 464
116۔حضرت مسیح موعود نے مذہب کا مقصد نہایت مختصر ایک جملہ میں بیان فرمایا اس جملہ کی عبارت لکھیں؟صفحہ 479
117۔حضرت مسیح موعود نے ہر مذہب کے پرکھنے کے کون سے تین طریق بیان فرمائے ہیں؟ صفحہ 480,476
118۔کیا طاعون وغیرہ امراض میں علاج کرنا گناہ ہے؟صفحہ 3
119۔حضرت اقدس مسیح موعود کے آنے کے بعد کون لوگ خدا کے الزام کے نیچے ہیں؟صفحہ 8
120۔اللہ تعالیٰ نے کسوف وخسوف کے دو نشان کس کی صداقت کے لئے گواہ بنا کر ظاہر فرمائے؟صفحہ 8
121۔حضرت مسیح موعود نے ان لوگوں کی نسبت کیا فرمایا جنہیں گورنمنٹ کا قطعی حکم تھا کہ انہیں طاعون سے حفاظت کا ٹیکہ کرانا چاہئے؟ صفحہ 10
122۔کیا صرف زبان سے بیعت کا اقرار کرنا کافی ہے؟صفحہ 10
123۔کیا خدا تعالیٰ رعایت اسباب کے بغیر بھی رحمت نازل کرسکتا ہے؟صفحہ 2
124۔خدا تعالیٰ کی رحمت کے نشان سے حصہ لینے کا طریق کیا ہے؟صفحہ 11
125۔خدا کی کتاب نے دعا کے بارہ میں کیا قانون پیش کیا ہے؟صفحہ 21 حاشیہ
126۔قرآن کس خدا کو پیش کرتا ہے؟ صفحہ 44
127۔انجیل کس خدا کو پیش کرتی ہے؟صفحہ 44
128۔"میری تکذیب میں جلدی مت کرو" وضاحت کریں؟صفحہ 72
129۔پہلے پیلاطوس اور دوسرے پیلاطوس کے قول میں کیا فرق ہے؟صفحہ 57
130۔پیر مہر علی گولڑوی نے کس کے مضمون چرا کر غلطیوں کا ارتکاب کیا ہے؟صفحہ 60
131۔آریوں کا مسلمان بادشاہوں پر کیا اعتراض ہے؟صفحہ 406
132۔اسلامی تاریخ کس بات پر ایک ہزار برس سے گواہ ہے؟صفحہ 407
133۔سناتن دھرم کا سن تالیف کیا ہے؟ 456 صفحہ ٹائٹل
134۔حضرت مسیح موعود نے کتاب سناتن دھرم کا نام رکھنے کی کیا وجہ بیان فرمائی؟صفحہ 465 ٹائٹل
135۔کامل متقی کیوں طاعون سے بچایا جائے گا؟صفحہ 82
136۔حد سے زیادہ عیاشی کی زندگی بسر کرنے کے متعلق حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 71
137۔ہر ایک نشہ جو ہمیشہ کے لئے عادت کر لیا جاتا ہے اس کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 71,70
138۔جو شخص بنی نوع پر قوت غضبی بڑھاتا ہے اس کے بارے میں حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا؟صفحہ 72
139۔حضرت یحیٰ علیہ السلام کی کس نبی سے تاویل کی گئی؟صفحہ 73
140۔ایلیا دوبارہ آنے والا کون تھا؟ صفحہ 73
141۔آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر روح القدس انسان کی شکل میں نازل ہونے کی کیا وجہ ہے؟ صفحہ 84
142۔اعجاز احمدی کا سن تالیف لکھیں؟ صفحہ 105 ٹائٹل
143۔ضمیمہ کتاب نزول المسیح کے ساتھ کتنے روپے کا انعامی اشتہار شائع فرمایا گیا؟صفحہ 107
144۔رسالہ قطع الوتین میں کیسی حکایتیں لکھی ہیں؟صفحہ 95
145۔رسالہ اعجاز احمدی میں کون مخاطب ہیں؟صفحہ 105
146۔واقعہ صلیب کے وقت حضرت عیسیٰ کی عمر کتنی تھی؟صفحہ 104
147۔واقعہ صلیب کے وقت پطرس کی عمر کتنی تھی؟صفحہ 104
148۔حضرت عیسیٰ صلیب کے بعد غار میں کتنے دن رہے؟صفحہ 104
149۔حضرت مسیح موعود نے صدق کی پہچان کیا بیان فرمائی؟صفحہ 83
150۔حضرت مسیح موعود نے عدالت کی کیا تعریف بیان فرمائی ہے؟صفحہ 55
151۔حضرت مسیح موعود نے مولوی محمد حسین بٹالوی کو فی عربی غلطی کتنے روپے انعام کی پیشکش کی؟صفحہ 145
152۔حضرت مسیح موعود نے اپنے قصیدہ کے مقابل قصیدہ لکھنے پر مولوی ثناء اللہ کو کتنے انعام کی پیشکش کی؟صفحہ 147
153۔حضرت مسیح موعود نے کتنے نشان مولوی ثناء اللہ کے ذریعہ ظاہر ہونے کا ذکر فرمایا؟صفحہ 148
154۔حضرت اقدس مسیح موعود بٹالہ کچہری میں 7 نومبر 1902ء کو کس کی عدالت میں تشریف لے گئے؟صفحہ 203
155۔کون سی نبوت کا دروازہ قیامت تک بند ہے؟صفحہ 215,214
156۔کیا انجیل کی تعلیم انسانی فطرت کے درخت کو پورے طور پر آبپاشی کرتی ہے؟ صفحہ 436
157۔اللہ تعالیٰ کی پرستش کی حقیقت کیا ہے؟صفحہ 435
158۔خدا کے کلام کو سمجھنے کے لئے کیا کرنا ضروری ہے؟صفحہ 473
159۔سہو ونسیان کس کی فطرت کا خاصہ ہے؟صفحہ 36
160۔عربی میں آدمی کو کیا کہتے ہیں؟ صفحہ 387
161۔کون سی چیز خدا کو راضی کرسکتی ہے؟ صفحہ 82
162۔کیا فرشتوں میں ترقی کا مادہ ہے؟ صفحہ 36
163۔انسان کو کیا چیز فرشتوں سے بہتر بنا سکتی ہے؟صفحہ 36
164۔حضرت مسیح موعود پر خون کا مقدمہ کس کی طرف سے پیش کیا گیا تھا؟صفحہ 37
165۔براہین احمدیہ کی الہامی عبارتوں میں

مریم اور عیسیٰ سے کون مراد ہے؟صفحہ 52

166۔حضرت مسیح کے ساتھ جو چور تھا اس کو کتنی سزا ہوئی؟صفحہ 58

167۔مسلمانوں پر قرآن شریف کے بعد بڑا احسان کس کا ہے؟صفحہ 61

168۔پولوس عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی میں ان کا دوست تھا یا دشمن؟صفحہ 65

169۔جو مذہب یقین کا سامان پیش نہیں کرتا حضرت مسیح موعود نے اس بارہ میں کیا فرمایا ہے؟صفحہ 67

170۔صاحب المنار نے حضرت مسیح موعود پر کیا اعتراض کیا ہے؟صفحہ 75

171۔پطرس کا پیشہ کیا تھا؟صفحہ 77

172۔حدیث امامکم منکم سے کیا مترشح ہوتا ہے؟صفحہ 216

173۔حضرت مسیح موعود نے احادیث کے بارہ میں جماعت کا کیا فرض بتایا ہے؟صفحہ 212

174مولوی محمد حسین بٹالوی نے حدیثوں کے بارہ میں کون سی راہ اختیار کر رکھی تھی؟ صفحہ 208

175۔حضرت مسیح موعود نے خواب میں کن دو مولوی صاحبان کو دیکھا؟209

176۔حضرت اقدس مسیح موعود خواب میں اپنے کس رفیق سے مخاطب ہوئے؟209

177۔حضرت مسیح موعود کی آمد کے وقت کی دو نشانیاں لکھیں؟صفحہ 108

178۔مخالفین کے دل یہودی کے دل سے کیوں مشابہ ہیں؟صفحہ 111

179۔لیکھرام کی ہلاکت کی پیشگوئی پوری ہونے کے متعلق محضر نامہ کتنے لوگوں نے لکھا؟ صفحہ 110

180۔نماز میں اول کیا چیز سکھلائی گئی ہے؟ صفحہ 419

181۔سنسکرت میں دیوتا کسے کہتے ہیں؟ صفحہ 417

182۔حمد اور استت اور مہا کس کے لئے خاص ہے؟صفحہ 418

183۔آریوں کا گائے کے لئے جوش کس چیز کی جڑھ ہے؟صفحہ 406

184۔انسانی اخلاق کس اخلاق کا ظل ہیں؟ صفحہ 390

185۔آریہ ورت میں قدیم مذہب کون سا ہے؟صفحہ 387

186۔وہ کون ہے جو اپنے بھائی سے صلح نہیں کرتا؟صفحہ 12

187۔متقی کون ہے؟صفحہ 82

188۔نفسانیت کی فربہی چھوڑنے کے متعلق حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 12

189۔باہمی بھائی چارے کے متعلق حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 13

190۔بدکار اور متکبر کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 13

192۔ظالم اور خائن کے متعلق حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 13

193۔جو خدا کے لئے غیرت مند نہیں اس کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟ صفحہ 13

194۔ہر ناپاک دل اور ناپاک آنکھ کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟ صفحہ 13

195۔ماتحتوں اور غریبوں سے حسن سلوک کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟ صفحہ 13

196۔امیر ہو کر غریبوں سے کیسا سلوک کرنا چاہیے؟صفحہ 12

197۔کسی کو گالی دینے کے متعلق حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 11

198۔حکم کا لفظ حضرت مسیح موعود کی نسبت کس کتاب میں آیا ہے؟صفحہ 139

199۔کیا ہلال صرف پہلی رات کے چاند کو کہتے ہیں؟صفحہ 141

200۔اعجاز المسیح پر جھوٹے اعتراضات کی فہرست کس نے تیار کی؟صفحہ 143

201۔شعر مکمل کریں؟ قادر کے کاروبار نمودار ہو گئے......................صفحہ 202

202۔اللہ تعالیٰ خارق عادت تبدیلی کہاں دکھاتا ہے؟صفحہ 11

203۔کیا اختلاف مذہب کی وجہ سے عذاب نازل ہوگا؟صفحہ 5

204۔محبت کس طرح پیدا ہوتی ہے؟ صفحہ 424

205۔گناہ کس طرح دور ہو سکتا ہے؟ صفحہ 424

206۔کیا آتش شیشی آفتاب کی آگ میں کچھ کمی کرتی ہے؟صفحہ 424

207۔فقرہ مکمل کریں: اگر تم چاہتے ہو کہ آسمان پر فرشتے بھی تمہاری تعریف کریں ...... خوش رہو اور گالیاں سنو اور شکر کرو۔صفحہ 15

208۔عقیدہ کی رو سے خدا تم سے کیا چاہتا ہے؟صفحہ 16,15

209۔حقیقی اخلاق فاضلہ کہاں سے آتے ہیں اور کیا یہ اپنی کوشش سے حاصل کئے جا سکتے ہیں؟صفحہ 45

210۔روح القدس کا انعام کن لوگوں کے لئے تیار ہے؟صفحہ 83

211۔عیسائیوں کی طرف سے کتنے مذہبی پرچے اور رسالے نکلتے ہیں؟صفحہ 83

212۔دوا اور تدبیر کے متعلق حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟صفحہ 13

213۔محمدی سلسلہ کس سلسلہ کے قائم مقام ہے؟صفحہ 14

214۔حضرت مسیح موعود نے شفاعت کی کیا تعریف بیان فرمائی ہے؟صفحہ 465

215۔حضرت مسیح موعود نے مولوی ثناء اللہ اور اس کے ساتھیوں کو قصیدہ لکھنے کے بارے میں کیا چیلنج دیا؟صفحہ 148

216۔کس مولوی نے موضع مُدّ میں کہا تھا کہ ہم اعجاز المسیح کو معجزہ نہیں کہہ سکتے؟صفحہ 202

217۔حضرت مسیح موعود کے دل میں قصیدہ مباحثہ مُدّ کے لکھنے کے بارے میں کب ڈالا گیا؟ صفحہ 203

218۔سنت اور حدیث میں ما بہ الامتیاز کیا چیز ہے؟صفحہ 210

219۔حدیثیں جمع کرنے والے کیسے لوگ تھے؟صفحہ 211

220۔ہدایت کا تیسرا ذریعہ کون سا ہے؟ صفحہ 210

221۔مسلمانوں کے ہاتھ میں اسلامی ہدایتوں پر قائم ہونے کے لئے تین چیزیں کون سی ہیں؟صرف نام لکھیں۔صفحہ 209-210

222۔اس اعتراض کا کہ تیس دجال آئیں گے حضرت مسیح موعود نے کیا جواب دیا؟صفحہ 215 حاشیہ

223۔کون سا شخص دنیا اور آخرت میں عزت اور برکت پاتا ہے؟صفحہ ۴۷۷

224۔مولوی ثناء اللہ لوگوں کے سامنے کس قسم کی حدیثیں پیش کرتے تھے؟صفحہ 136

225۔مولوی محمد حسین نے سرکار انگریزی کو مہدی کے بارے میں ایک کتاب پیش کر کے کیا انعام حاصل کیا؟صفحہ 136

226۔حدیث کی رو سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر کتنے برس ثابت ہے؟صفحہ 138

227۔موحدین کا ایڈوکیٹ کون کہلاتا ہے؟ صفحہ 138

228۔نیوگ کا عمل کس چیز کی بیخ کنی کرتا ہے؟صفحہ 439

229۔نیوگ کا عمل اولاد پر کیا داغ لگاتا ہے؟صفحہ 439

230۔کیا انسانی فطرت نیوگ کی بے حیائی کو قبول کر سکتی ہے؟صفحہ 439

231۔تناسخ کا مسئلہ اگر صحیح فرض کر لیا جائے تو کون سی خرابی کا موجب ہوگا؟صفحہ 441

232۔گورنمنٹ انگریزی نے ابتدا میں ہی ہندوؤں کی کون سی دو رسموں کو جبراً ہٹا دیا تھا؟ صفحہ 441

233۔نیوگ کی کثرت عورتوں کیلئے کس وجہ سے مضر ہے؟صفحہ 441

234۔اس پنڈت کا نام لکھیں جو تمام عمر مجرد رہا؟صفحہ 440

235۔اپنی بیوی سیتا کی خاطر غیرت دکھاتے ہوئے راون کو قتل کرنے والا کون تھا؟440

236۔آسمان پر جماعت میں کون شمار ہوگا۔ وضاحت کریں؟صفحہ 15

237۔نیوگ کے اصول سے دنیا میں کیا پھیلتا ہے؟صفحہ 441

238۔فقرہ مکمل کریں: جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ.....عزت پائیں گے۔صفحہ 13

239۔حضرت مسیح موعود نے ''توکل کے مقام'' کے بارہ میں کیا فرمایا؟صفحہ 13

240۔یہود پر حضرت مسیح علیہ السلام کو قبول نہ کرنے کی وجہ سے کون سا عذاب نازل ہوا؟ صفحہ 54 حاشیہ

241۔مذہب کے اختیار کرنے سے اصل غرض کیا ہے؟صفحہ 447

242۔طلاق کی ضرورت کو کس وجہ سے محسوس کیا گیا؟446

243۔بہشتی زندگی اسی جہان سے شروع ہوتی ہے۔وضاحت کریں؟صفحہ 450

244۔آتھم نے کتنے آدمیوں کی موجودگی میں رجوع کیا؟صفحہ 451

245۔کون سی دولت مل جانے سے گناہ کا خاتمہ ہو سکتا ہے؟صفحہ 66

246۔آتھم کے بارے میں الہام کا خلاصہ کیا تھا؟صفحہ 451

247۔انسان کی بدذاتی کا کیا ثبوت ہے؟ صفحہ 451

248۔وعید کی پیشگوئی کے متعلق حضرت مسیح موعود نے کیا فرمایا ہے؟451

249۔حضرت مسیح موعود نے قرآن شریف سے عرش کو جسمانی چیز ثابت کرنے والے کے لئے کتنا انعام مقرر فرمایا؟صفحہ 453

250۔ہندوؤں کا عرش کے بارہ میں کیا اعتراض ہے؟صفحہ 453

251۔ساعۃ سے کیا مراد ہے؟صفحہ 129

252۔صدیق حسن خان کو کس نے مجدد بنایا ہوا تھا؟صفحہ 144

253۔آریہ سماج قادیان کی طرف سے اشتہار کس شخص نے شائع کروایا تھا؟363

254۔آریہ سماج قادیان کی طرف سے شائع اشتہار پر کیا تاریخ لکھی تھی؟صفحہ 363

255۔آریہ سماج قادیان کی طرف سے شائع اشتہار کس پریس میں چھپا تھا؟صفحہ 363

256۔اس عظیم الشان نبی کا نام لکھیں جو انسانوں کی اصلاح کے لئے آیا؟صفحہ 366

257۔قادیان کے آریوں کو کی گئی نصیحتوں کا کیا نتیجہ نکلا؟صفحہ 367

258۔کتاب نسیم دعوت میں لکھے گئے دو نو مسلم آریہ کے نام لکھیں؟صفحہ 371

259۔حدیثوں میں حضرت عیسیٰؑ کی کیا صفات بیان کی گئیں؟صفحہ 133

260۔حضرت مسیح موعود نے آتھم کی عمر کتنی لکھی ہے؟صفحہ 109

261۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت یہودیوں کے جو فرقے حق پر سمجھے جاتے تھے وہ کون سے تھے؟صفحہ 53

262۔یہود کی حدیث کی کتاب کا نام کیا تھا؟ صفحہ 54,53 حاشیہ

263۔حَکَم کسے کہتے ہیں؟صفحہ 139

264۔حَکَم کا فیصلہ کس طرح سمجھا جائے گا؟ صفحہ 139

265۔روحانیت کی رو سے خاتم الخلفاء کون ہے؟صفحہ 17

266۔اسرائیلی سلسلہ میں خاتم الخلفاء کون تھے؟صفحہ 17

267۔حضرت مسیح موعود نے اپنے آپ کو کس کا ہم نام قرار دیا ہے؟صفحہ 17

268۔حضرت مسیح علیہ السلام کے کتنے بھائی تھے؟صفحہ 18

269۔حضرت مریم بتول علیہا السلام نے کن کے اصرار پر نکاح کیا؟صفحہ 18

270۔حضرت مریم علیہا السلام کا نکاح کس سے ہوا؟صفحہ 18

271۔حضرت مسیح موعود نے ہمسایہ کے حقوق کے بارہ میں کیا فرمایا ہے؟صفحہ 19

272۔حضرت مسیح موعود نے پیچ در پیچ طبیعت رکھنے والوں کے بارہ میں کیا فرمایا ہے؟ صفحہ 19

273۔حضرت مسیح موعود نے بہنوں اور بھائیوں پر تہمتیں لگانے والوں کے بارہ میں کیا فرمایا ہے؟صفحہ 19

274۔حضرت مسیح موعود نے بد رفیق رکھنے والے کے متعلق کیا فرمایا ہے؟صفحہ 19

275۔کس نبی کے لئے خدا نے چاہا کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے؟صفحہ 14

276۔جس دین میں وحی الٰہی کا سلسلہ جاری نہیں اس دین کو کیا کہا گیا ہے؟صفحہ 24 حاشیہ

277۔اگر قرآن کریم نہ آتا تو دنیا کی کیفیت کیا ہوتی؟صفحہ 27

278۔خدا سے ایتاءِ ذی القربیٰ کیا ہے؟ صفحہ 31

279۔عدالت میں سردار کاہن کی طرح کون گواہی دینے کے لئے آیا؟صفحہ 55

280۔عورت کس کے ذریعہ خلع لے سکتی ہے؟صفحہ 81

281۔حضرت میر ناصر نواب صاحب کی نظم کس کتاب میں درج ہے؟صفحہ 91

282۔دعائے فاتحہ میں مخفی پیشگوئی کیا ہے؟صفحہ 46

283۔حضرت مسیح موعود نے قرآن کریم کے متعلق کس ضروری تعلیم کا ذکر فرمایا؟صفحہ 13

284۔حضرت اقدس مسیح موعود نے رؤیا میں جو درخت پھل سے لدا ہوا نہایت لطیف دیکھا اس سے کیا مراد ہے؟صفحہ 212 حاشیہ

285۔راست بازوں پر بدزبانی کرنے والوں کا کیا انجام ہوتا ہے؟صفحہ 149

286۔ایک نئی نماز کس مولوی نے بنائی؟ صفحہ 206

287۔نئی نماز جو بنائی گئی اس میں کیا کیا کمی کی گئی؟صفحہ 206

288۔خونِ مسیح اور عقیدہ کفارہ کا نتیجہ کیا نکلا؟ صفحہ 432

289۔کیا ایسا نکاح جس کا وقت طلاق ٹھہرایا جائے جائز ہے؟صفحہ 470

290۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی روحانیت کی رو سے کن لوگوں کے لئے باپ کے حکم میں ہیں؟صفحہ 213

291۔حضرت اقدس مسیح موعود نے نزول المسیح میں کتنی پیشگوئیاں لکھیں؟صفحہ 132

292۔دشمن کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کیا حیثیت رکھتے ہیں؟صفحہ 134

293۔اَلْفَقْرُ فَخْرِی کس پاک رسول کا قول ہے؟صفحہ 134

294۔نبی کس طرح شناخت کیا جاسکتا ہے؟ صفحہ 134

295۔حضرت مسیح موعود نے منافق کے بارہ میں کیا فرمایا ہے؟صفحہ 145

296۔لدھیانہ کے کن تین مولویوں نے براہین احمدیہ کے لکھنے کے وقت اعتراض کیا تھا کہ یہ شخص اپنے آپ کو عیسیٰ کہتا ہے؟صفحہ 115

297۔حضرت اقدس مسیح موعود نے کس عقیدہ کی رو سے مسیح کی آمد ثانی کا ذکر براہین احمدیہ میں کیا ہے؟صفحہ 114

298۔حضرت مسیح موعود نے آتھم کی پیشگوئی کو کس پیشگوئی کے مشابہ قرار دیا ہے؟صفحہ 112,111

299۔قادیان پر ایک نور نازل ہونے کی بات کس نے کی؟صفحہ 102

300۔حضرت مسیح موعود نے جماعت کی ترقی کے بارہ میں کیا فرمایا؟صفحہ 101

301۔حضرت مسیح موعود نے اَلطَّیِّبَاتُ لِلطَّیِّبِیْنَ کی کیا تشریح بیان فرمائی؟صفحہ 29

302۔حضرت مسیح موعود نے نفس امارہ کے بارہ میں کیا فرمایا؟صفحہ 25

303۔مسیح موعود کے دو زرد چادروں میں اترنے سے کیا مراد ہے؟صفحہ 436,435

304۔فقرہ مکمل کریں: اگر تم خدا کے ہو جاؤ تو یقیناً سمجھو.................ہی ہے۔صفحہ 22

305۔حضرت مسیح موعود نے اپنے دعویٰ مسیحیت کی بنیاد کس کو قرار دیا؟صفحہ 140

## غزل

اور بھی کچھ ہیں محفلیں، محفل یار کے سوا
ایک بہار اور ہے، عہد بہار کے سوا

جائے اماں نہ مل سکی، سارے جہاں میں ہمیں
دامن یار سے الگ، دامن یار کے سوا

عزم بلند ہی سے ہیں ماہ و نجوم خاکِ پا
ورنہ بشر ہے چیز کیا مشتِ غبار کے سوا

لاکھ ہو زندگی حسیں، کوئی نہیں ہے بالیقیں
وجہ سکونِ جان و دل اب غمِ یار کے سوا

باغ بہشت ہے کہیں، باغ بہشت ہے کوئی!
تیرے دیار سے الگ، تیرے دیار کے سوا

عاشقِ جاں نثار نے کل سرِ دار یہ کہا
ہیچ ہیں سب بلندیاں رفعتِ دار کے سوا

تیرے شعور کے بغیر، تیرے جمال کے بغیر
کچھ بھی نہیں ہے زندگی، اک شب تار کے سوا

زندگی بے خروش ہے، جذبہِ عشق کے بغیر
سارا جہان بے سرور، اک تیرے پیار کے سوا

سینہ کے داغ ہیں کہ ہیں، یادوں کے کارواں رواں
اب میں انہیں کہوں تو کیا، جشنِ بہار کے سوا

آپ پہ جب نظر پڑی، یہ بھی حسین ہوگئی
ورنہ ہے میری آنکھ کیا، گردوغبار کے سوا

تجھ سے میں شرمسار ہوں، نذر کروں تو کیا کروں
ہے مرے پاس اور کیا، اک دلِ زار کے سوا

**محمود الحسن**

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## تقریب آمین

مکرم مبارک احمد معین صاحب مربی سلسلہ فاروق آباد ضلع شیخوپورہ تحریر کرتے ہیں۔

محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مکرم حکیم سلطان محمود صاحب سیکرٹری وقف جدید جماعت احمدیہ فاروق آباد ضلع شیخوپورہ کے بیٹے سالک احمد واقف نو بعمر 9 سال اور بیٹی عزیزہ درمانہ سلطان بعمر 6 سال کو قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کرنے کی سعادت حاصل ہوئی اور قرآن کریم کا اکثر حصہ خاکسار کو پڑھانے کی سعادت حاصل ہوئی۔ مورخہ 24۔اپریل 2013ء کو دونوں بچوں کی تقریب آمین ہوئی۔ خاکسار نے دونوں بچوں سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور مکرم محمد اختر صاحب امیر حلقہ فاروق آباد نے دعا کروائی۔ عزیزان مکرم رشید احمد شاد صاحب فاروق آباد کے پوتا اور پوتی اور مکرم محمود اختر صاحب دارالرحمت شرقی ربوہ کے نواسہ اور نواسی ہیں۔ دونوں بچے حضرت پیراں دتہ صاحب اور حضرت مولوی صدرالدین صاحب رفقاء حضرت مسیح موعود اور مکرم محمد ابراہیم صاحب فرشتہ کی نسل سے ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ عزیزان کو تاعمر قرآن کریم کے حقیقی انوار وبرکات حاصل کرنے والے، اس پر عمل کرنے والے اور خلافت احمدیہ کا سلطان نصیر بنائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم محمود احمد خان صاحب کیولری گراؤنڈ لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میرے نواسے مکرم کاشف احمد بشیر صاحب ولد مکرم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب مرحوم پروفیسر بہاولپور میڈیکل کالج بہاولپور مورخہ 2 جون 2013ء کو لمبی بیماری کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم نے Bar- At Law کیا ہوا تھا۔ اور دبئی میں ایک Law Firm چلاتے تھے۔ بیماری کے علاج کے لئے لندن گئے تھے۔ تدفین لندن میں ہی ہوئی۔ مرحوم کی عمر 42 سال تھی۔ مرحوم کے والد ڈاکٹر بشیر احمد صاحب مرحوم بھی 42 سال کی عمر میں وفات پا گئے تھے اور ربوہ بہشتی مقبرہ میں مدفون ہیں۔ مرحوم کی والدہ مکرمہ امۃ الجمیل صاحبہ اور 2 بہنیں مکرمہ عائشہ صاحبہ اور مکرمہ ہادیہ صاحبہ بھی لندن میں ہی ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیں اور اس کی والدہ صاحبہ اور بہنوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم مرزا ناصر محمود صاحب مربی ضلع اوکاڑہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 29 مئی 2013ء کو میرے تایا جان محترم تیمور احمد چغتائی صاحب ابن محترم میاں کمال الدین صاحب مرحوم آف لاہور کچھ عرصہ بیمار رہنے کے بعد 92 سال کی عمر میں Edmonton Albert کینیڈا میں وفات پا گئے۔ آپ خدا کے فضل سے موصی تھے۔ مورخہ 31 مئی کو آپ کی نماز جنازہ مکرم سید طٰہٰ انور صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی۔ بعد میں کینیڈا میں قبرستان موصیان میں آپ کی تدفین ہوئی۔ آپ لاہور کی مشہور میاں فیملی آف دہلی گیٹ کے فرد، محترم میاں تاج الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے پوتے اور مکرم ڈپٹی میاں محمد شریف صاحب کے داماد تھے۔ آپ کے دو بھائی اور چار بہنیں تھیں۔ آپ بہن بھائیوں میں سب سے بڑے تھے۔ آپ کے تمام بہن بھائی وفات پا چکے ہیں۔ لواحقین میں ایک بیٹے مکرم جہانگیر چغتائی صاحب اور تین بیٹیاں اور محترمہ تائی جان ہیں۔ تمام بچے شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔ محترمہ تائی جان بیٹا اور دو بیٹیاں کینیڈا میں ہیں۔ ایک بیٹی ماڈل ٹاؤن لاہور میں ہے۔ مرحوم لاہور کے حلقہ سنت نگر میں ایک لمبا عرصہ رہائش پذیر رہے اور اعلیٰ سرکاری عہدے سے ریٹائر ہو کر کینیڈا تشریف لے گئے تھے۔ ابا جان مرحوم محترم محمد اکبر اقبال صاحب مرحوم سابق مینیجر سندھ جننگ اینڈ کاٹن فیکٹری کنری و سابق امیر جماعت احمدیہ کنری، واقف زندگی تھے۔ اس لئے تایا جان والد صاحب سے بہت عزت و احترام سے پیش آتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے دوران ملاقات پوچھا کہ آپ بڑے ہیں یا اقبال صاحب تو کہنے لگے عمر میں تو میں بڑا ہوں ویسے وہ بڑے ہیں۔ تایا جان اور ابا جان میں آپس میں بہت پیار اور محبت کا تعلق تھا۔ آپ بہت سادہ طبیعت کے مالک تھے۔ ہنس مکھ، ہمدرد، بہت دعا گو وجود تھے۔ ربوہ بیت المبارک میں اعتکاف بیٹھتے رہے ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت کرے۔ کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ ان سے اپنی مغفرت کا سلوک فرمائے۔ تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کی نیکیوں کو جاری رکھنے کی توفیق دے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم وحید احمد صاحب کارکن دفتر امانت تحریک جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کا بیٹا مکرم احسان احمد منیب صاحب لندن ایک حادثہ میں جل گیا ہے۔ اب تک کچھ حصہ کا آپریشن ہو چکا ہے اور مزید آپریشن بھی متوقع ہے سانس لینے میں دشواری ہے مسلسل آکسیجن لگی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

## فضل عمر ہسپتال ربوہ کے مریضوں سے چند گزارشات

صبح 7:30 بجے پرچی بنی شروع ہوتی ہے۔ مریضوں سے گزارش ہے کہ صبح 9:00 بجے سے قبل اپنی پرچی بنوا لیا کریں۔ تاکہ ڈاکٹر صاحب کو بروقت دکھا سکیں اور وقت پر مطلوبہ ٹیسٹ ہو سکیں۔

ڈاکٹر صاحب کو دکھانے سے قبل چیک کر لیں کہ آپ کا تمام ریکارڈ یعنی نسخہ جات/ ایکسرے اور ٹیسٹس وغیرہ آپ کے پاس موجود ہیں۔

تمام آؤٹ ڈورز میں ہر پرچی کو ایک نمبر دیا جاتا ہے تاکہ آپ اپنی باری کا تعین کر سکیں۔ باری گزر جانے کی صورت میں آپ کو مشکل پیش آ سکتی ہے۔

شعبہ ایمرجنسی آپ کی خدمت کیلئے 24 گھنٹے کھلا ہوتا ہے۔ لیکن دیکھا گیا ہے کہ بعض حضرات آؤٹ ڈور میں انتظار کی زحمت سے بچنے کیلئے ایمرجنسی میں آتے ہیں جبکہ مریض کی نوعیت ایمرجنسی کی نہیں ہوتی۔ اس طرح شعبہ ایمرجنسی پر غیر ضروری بوجھ پڑتا ہے اور ان کا کام بھی متاثر ہوتا ہے۔

بعض احباب اپنے بچوں کو علاج کیلئے کسی اور بچے کے ساتھ ہمسایہ یا دوسرے رشتہ دار کے ہمراہ بھجوا دیتے ہیں۔ گزارش ہے کہ والدین میں سے ایک فرد بچہ کے ہمراہ ضرور آئے۔

اگر سپیشلسٹ ڈاکٹر سے وقت نہ مل سکے تو کسی اور جونیئر ڈاکٹر کو دکھا لیں۔ اگر واقعی سپیشلسٹ کی ضرورت ہوگی تو ڈاکٹر صاحب ریفر کر دیں گے۔

مؤدبانہ التماس ہے کہ ہر ہسپتال کے آؤٹ ڈورز میں انتظار کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔ لہٰذا اپنی باری کیلئے ہسپتال کے عملہ سے تعاون فرمائیں۔ نیز کسی بھی شکایت کی صورت میں انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## احمدی ڈاکٹرز توجہ فرمائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 15 دسمبر 2006ء کو خطبہ جمعہ میں احمدی ڈاکٹرز کو ”**تحریک وقف**“ فرماتے ہوئے یہ الفاظ ارشاد فرمائے۔

”ڈاکٹروں کو بھی اپنے آپ کو وقف کرنا چاہئے۔ چاہے تین سال کیلئے کریں چاہے پانچ سال کے لئے کریں۔ چاہے زندگی کیلئے کریں۔ لیکن **وقف** کر کے آگے آنا چاہئے۔“

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اس تحریک پر لبیک کہنے کے خواہشمند تمام احمدی ڈاکٹروں کو فضل عمر ہسپتال ربوہ دعوت خدمت دیتا ہے۔ فضل عمر ہسپتال کو فوری طور پر مندرجہ ذیل شعبہ جات میں **وقف ڈاکٹرز** کی ضرورت ہے۔

**Emergency/Trauma Centre**
**Paediatrics.**
**Medicine.**
**Gynaecology**
**Surgery.**
**Eye/ent**
**Pathology.**
**Radiology.**
**Anaesthesia.**

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## درخواست دعا

مکرم نصر احمد بھٹی صاحب مربی سلسلہ دفتر ایم ٹی اے پاکستان کرتے ہیں۔

خاکسار کی خوشدامن محترمہ خدیجہ بیگم صاحبہ کی مورخہ 8 جون 2013ء کو Brain Surgery ہوئی ہے۔ سرجری انہی کے بیٹے نیوروسرجن مکرم ڈاکٹر عبدالعلیم بھٹی صاحب نے کی ہے جو خدا کے فضل سے کامیاب رہی۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ ہر قسم کی جملہ پیچیدگیوں اور پریشانیوں سے بچائے۔ آمین

مکرم رانا عبدالحکیم خان صاحب کاٹھگڑھی دارالعلوم شرقی نور ربوہ ان دنوں علیل ہیں شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
کاشف جیولرز
گولبازار ربوہ
میاں غلام مرتضیٰ محمود
فون دکان: 047-6215747 فون رہائش: 047-6211649

## درخواست دعا

مکرم اعجاز احمد صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں۔
عفیف احمد مبشر واقف نو ولد مکرم محمود احمد سنوری صاحب سیالکوٹ کو مورخہ 6جون 2013ء کو موٹر سائیکل حادثہ میں سر پر اندرونی چوٹ لگی۔ جس سے عزیزم بے ہوش ہوگیا۔ انہیں فوری طور پر لاہور جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

مکرم چوہدری افتخار نسیم صاحب ربوہ انجیو پلاسٹی ہوئی ہے اور تین سٹنٹ ڈالے گئے ہیں طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ سے گھر منتقل ہو گئے ہیں۔ بفضل اللہ تعالیٰ روبصحت ہیں۔ احباب شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم بلال احمد خان صاحب کارکن روزنامہ الفضل تحریر کرتے ہیں۔
خاکسار کی والدہ محترمہ گزشتہ پندرہ روز سے الائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں زیر علاج ہیں اور 6جون 2013ء کو ان کا آپریشن ہوا ہے۔ احباب جماعت سے والدہ صاحبہ کی کامل شفایابی اور درازی عمر کے لئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

مکرم نعیم اللہ باجوہ صاحب دارالعلوم شرقی مسرور شدید بخار کی وجہ سے علیل ہیں اور فضل عمر ہسپتال ربوہ میں زیر علاج ہیں۔ احباب سے شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## فری مٹاپا کیمپ

مورخہ 19جون 2013ء کو 10:00 بجے صبح فضل عمر ہسپتال میں فری مٹاپا کیمپ کا انعقاد ہوگا۔ ضرورت منداحباب وخواتین مٹاپا کیمپ سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور بغیر پرچی بنوائے آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں اس کیمپ سے رابطہ کریں۔
(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)


خدا تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ
اٹھوال فیبرکس لان ہی لان
پرنٹ شرٹ کی زبردست ورائٹی چیلنج ریٹ کے ساتھ
الطاف احمد اٹھوال
ملک مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ 0333-7231544







### ربوہ میں طلوع وغروب 14جون

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 3:32 |
| طلوع آفتاب | 5:00 |
| زوال آفتاب | 12:09 |
| غروب آفتاب | 7:17 |

### ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

**14جون 2013ء**

| | |
|---|---|
| 6:10 am | حضور انور کا سیکنڈے نیوین ممالک کا دورہ 2005ء |
| 7:30 am | ترجمۃ القرآن کلاس 23 ستمبر 1996ء |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:55 am | حضور انور کا سیکنڈے نیوین ممالک کا دورہ 2005ء |
| 1:20 pm | راہ ہدیٰ |
| 4:00 pm | دینی وفقہی مسائل |
| 5:00 pm | خطبہ جمعہ Live |
| 9:20 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 14جون 2013ء |
| 11:30 pm | حضور انور کا سیکنڈے نیوین ممالک کا دورہ 2005ء |


اکسیر بواسیر
خونی بواسیر کی مفید مجرب دوا
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
فون: 047-6212434

کسی بھی معمولی یا پیچیدہ خطرناک آپریشن سے پہلے
الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
ہومیو فزیشن ڈاکٹر عبدالحمید صابر (ایم۔اے)
عمر مارکیٹ نزد اقصیٰ چوک ربوہ فون: 0344-7801578

نورتن جیولرز ربوہ
فون 6214214 فون گھر
دکان 6216216 047-6211971

اوڑھ لو ہر لمحہ اوڑھ لو ہر خوشی
لبرٹی فیبرکس
اقصیٰ روڈ نزد اقصیٰ چوک ربوہ
+92-47-6213312

FR-10